ہندوستان-سویڈن کے دفتر خارجہ کا مشاورتی اجلاس (FOC)

04 مئی، 2024

ہندوستان اور سویڈن نے مورخہ 03 مئی 2024 کو سٹاک ہوم میں دفاتر خارجہ کا (FOC) کا 7 واں مشاورتی اجلاس منعقد کیا۔ جس میں ہندوستانی فریق کی قیادت وزارت خارجہ میں سکریٹری (مغرب) جناب پون کپور نے کی اور سویڈش وفد کی قیادت عزت مآب جناب جان نٹسن، اسٹیٹ سکریٹری، وزارت خارجہ، سویڈن نے کی۔

2. دونوں فریقوں نے باہمی تعاون کے تمام شعبوں میں پیش رفت کا خیرمقدم کیا اور جدت اور پائیداری، تجارت اور سرمایہ کاری کے ترجیحی شعبوں میں آگے بڑھنے کے راستے پر غور کیا اور سیمی کنڈکٹرز، گرین اسٹیل اور گرین بیٹریز جیسی نئی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ موسمیاتی تبدیلی کا مقابلہ کرنے میں انڈیا سویڈن انڈسٹری ٹرانزیشن شراکت داری کے تحت لیڈ آئی ٹی کے تعاون کا خصوصی تذکرہ کیا گیا۔ فریقین نے سائبر سیکیورٹی اور انسداد دہشت گردی سمیت سیکیورٹی پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا اور دفاعی شعبے میں مشترکہ تعاون پر غور کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

3. فریقین نے مضبوط اور تیزی سے بڑھتے ہوئے اقتصادی تعلقات کی تستائش کی، اور B2B تعلقات کو مزید فروغ دینے کی سمت میں ایک اہم قدم کے طور پر ہندوستان سویڈن انوویشن پل، انڈیا سویڈن انوویشن ڈے، انڈیا سویڈن سستین ایبلٹی ڈے کے انعقاد کی اہمیت کو نوٹ کیا۔ انہوں نے سویڈن میں ایک بڑی ہندوستانی کمیونٹی کی موجودگی کی بھی تعریف کی، جو ایک اہم کڑی ہے۔

4. انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی اصلاحات خصوصا مستقبل کے سربراہی اجلاس کی تعمیر میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا ۔ انہوں نے ہندوستان-یورویی یونین کے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لئے بڑھتے ہوئے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا اور باہمی طور پر فائدہ مند ہندوستان-یورویی یونین ایف ٹی اے کے جلد از جلد تکمیل کی ضرورت پر زور دیا۔ فریقین نے باہمی دلچسپی والے شعبے اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

5. فریقین نے مشاورت کا اگلا دور نئی دہلی میں باہمی طور پر مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

04 مئی، 2024